# DIRECTORS' REVIEW

The directors of your Company are pleased to present the un-audited condensed interim financial statements for the 3rd quarter and nine months ended March 31, 2021 along with their review on the affairs of the Company.

**Brief Overview:**

The third wave of corona virus is spreading at a fast pace with constant rise in death toll and disturbing the working environment throughout the country. The Company is taking all possible measures to provide its workforce safe environment. Under the prevailing tough situation, the Auto Sector is performing well and has maintained its growing momentum during the nine months of current financial year. Al-Hamdolillah, the Company's sales volume of three wheelers and tractor wheel rims have also shown a growth of 24% and 45% respectively during this period.

**Financial Results:**

The net sales of 3rd quarter has increased by 19.27% from Rs. 1,033.80 M to Rs. 1,233.05 M, gross profit by 00.65% from Rs. 118.93 M to Rs. 119.70 M and pre-tax profit by 14.82% from Rs. 36.83 M to Rs. 42.29 M compared with the corresponding period of last year.

Whereas the nine months' net sales has increased by 36.15% from Rs. 2.21 **Billion** to Rs. 3.01 **Billion**, gross profit by 14.18% from Rs. 255.08 M to Rs. 291.24 M and pre-tax profit by 87.54% from Rs. 53.42 M to Rs. 100.19 M compared with the corresponding period of last year.

The earnings per share for the cumulatively nine months have increased from Rs. 1.02 (Restated) to Rs. 1.44 and for the 3rd quarter has decreased from Rs. 0.69 (Restated) to Rs. 0.63 respectively compared with the corresponding period of last year.

During the 3rd quarter and cumulatively nine months, the Company produced 4,093 & 12,254 units of Three Wheelers whereas during the corresponding periods of last year, the production was 4,419 and 10,463 units respectively.

The production of wheel rims was 28,164 & 74,203 in 3rd quarter and cumulatively nine months whereas the production of wheel rims during the same corresponding periods was 13,930 & 51,228 respectively.

**Progress on Four Wheeler Project:**

The Project is completed and the first CKD consignment has arrived in factory. Arrangements are being made to commence the trial operation.

**Future Outlook:**

It is hoped that the growth of auto sector will continue in the next quarter and Government will take measures to control the COVID-19 pandemic by vaccinating the people of Pakistan without any age limitation. This will help to provide a safe working environment to workforce and business community in the country.

It is also hoped that the Company would be able to commence commercial operation of four wheelers during the next quarter.

The directors would like to place on record their appreciation for the untiring efforts, teamwork and dedication shown by the company's employees during the period under review. They would also like to express their gratitude to the valued shareholders, customers, suppliers and financial institutions for their co-operation, constant support and trust on the Company.

For and on behalf of the Board

**Lahore**
Dated: 27-04-2021

**Mian Asad Hameed**
(Chief Executive)

**Saeed Iqbal Khan**
(Director)

# ڈائریکٹرز کا جائزہ

آپ کی کمپنی کے ڈائریکٹرز 31 مارچ 2021 کو مکمل ہونے والی تیسری سہ ماہی اور نو ماہی کے لئے غیر پڑتال شدہ اختصاری عبوری مالیاتی گوشوارے ہمراہ کمپنی کے معاملات پر اپنا جائزہ بخوشی پیش کرتے ہیں۔

## مختصر جائزہ:

کرونا وائرس کی تیسری لہر تیزی سے پھیل رہی ہے جس سے پورے ملک میں ہلاکتوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ اور کام کرنے کا ماحول متاثر ہو رہا ہے۔ کمپنی اپنی افرادی قوت کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔ موجودہ مشکل صورت حال میں، آٹو سیکٹر عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے اور اس نے رواں مالی سال کے نو ماہ کے دوران اپنی بڑھتی ہوئی رفتار کو برقرار رکھا ہے۔

الحمدللہ، اس عرصہ کے دوران کمپنی کے تھری ویلرز اور ٹریکٹر ویل رمز کی فروخت کے حجم نے بھی بالترتیب 24 فی صد اور 45 فی صد بڑھوتری کو ظاہر کیا ہے۔

## مالیاتی نتائج:

پچھلے مالیاتی سال کی تیسری سہ ماہی کے مقابلہ میں اس سال کی تیسری سہ ماہی میں مجموعی فروخت 19.27 فی صد اضافہ کے ساتھ 1,033.80 ملین روپے سے بڑھ کر 1,233.05 ملین روپے ہو گئی ہے، مجموعی منافع 0.65 فی صد اضافہ کے ساتھ 118.93 ملین روپے سے بڑھ کر 119.70 ملین روپے اور قبل از ٹیکس منافع 14.82 فی صد اضافہ کے ساتھ 36.83 ملین روپے سے بڑھ کر 42.29 ملین روپے ہو گیا ہے۔

جبکہ پچھلے مالیاتی سال کی نو ماہی کے مقابلہ میں اس سال کی نو ماہی میں مجموعی فروخت 36.15 فی صد اضافہ کے ساتھ 2.21 بلین روپے سے بڑھ کر 3.01 بلین روپے ہو گئی ہے، مجموعی منافع 14.18 فی صد اضافہ کے ساتھ 255.08 ملین روپے سے بڑھ کر 291.24 ملین روپے اور قبل از ٹیکس منافع 87.54 فی صد اضافہ کے ساتھ 53.42 ملین روپے سے بڑھ کر 100.19 ملین روپے ہو گیا ہے۔

پچھلے مالیاتی سال کی نو ماہی کے مقابلہ میں اس سال کی نو ماہی کی مجموعی فی حصص آمدن (re-stated) 1.02 روپے سے بڑھ کر 1.44 روپے ہو گئی ہے اور تیسری سہ ماہی کی فی حصص آمدن (re-stated) 0.69 روپے سے کم ہو کر 0.63 روپے ہو گئی ہے۔

کمپنی نے تیسری سہ ماہی اور مجموعی طور پر نو ماہی کے دوران بالترتیب 4,093 عدد اور 12,254 عدد تھری ویلرز بنائے جبکہ پچھلے سال اسی عرصہ کے دوران تھری ویلرز کی پیداوار بالترتیب 4,419 عدد اور 10,463 عدد تھی۔

اس سال کی تیسری سہ ماہی اور مجموعی طور پر نو ماہی میں ویل رمز کی پیداوار بالترتیب 28,164 اور 74,203 تھی جبکہ پچھلے سال اسی عرصہ کے دوران ویل رمز کی پیداوار بالترتیب 13,930 اور 51,228 تھی۔

## فور ویلر پروجیکٹ پر ترقیاتی کام:

پروجیکٹ مکمل ہو چکا ہے اور پہلی سی کے ڈی (CKD) کھیپ فیکٹری میں پہنچ گئی ہے۔ آزمائشی آپریشن شروع کرنے کے انتظامات کئے جا رہے ہیں۔

## مستقبل پر نقطہ نظر:

امید ہے کہ اگلی سہ ماہی میں بھی آٹو سیکٹر میں اضافہ جاری رہے گا اور حکومت پاکستانی عوام کو بغیر کسی عمر کی حد بندی کے ویکسین لگا کر وبائی مرض COVID-19 کو کنٹرول کرنے کے لئے اقدامات کرے گی۔ اس سے ملک میں افرادی قوت اور کاروباری برادری کو کام کرنے کا محفوظ ماحول فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔
یہ بھی امید کی جاتی ہے کہ کمپنی اگلی سہ ماہی کے دوران فور وہیلرز کا کمرشل آپریشن شروع کرنے کے قابل ہو جائے گی۔

ڈائریکٹرز کمپنی کے ملازمین کی انتھک کوششوں، ٹیم ورک اور لگن جس کا اظہار انہوں نے موجودہ عرصہ کے دوران کیا ہے، کے شکر گزار ہیں۔ وہ اپنے معزز حصص داران کاروباری شراکت دار اور مالی اداروں کے کمپنی کے ساتھ مسلسل تعاون کرنے پر بھی شکر گزار ہیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

| | | |
|---|---|---|
| سعید اقبال خان | میاں اسد حمید | **لاہور** |
| ڈائریکٹر | چیف ایگزیکٹو | مورخہ 27 اپریل 2021 |